اسسٹنٹ سیکریٹری

25 مئی2023

محترم کولیگ:

جیسا کہ ہمارے مشاہدے میں آیا ہے کہ ملک بھر اور بشمول سکولوں میں یہودیوں کے خلاف ہراسانی میں اضافہ ہوا ہے[1] ۔ اس تناظر میں، میں آپکی یاددہانی کیلئے یہ تحریر کر رہا ہوں کہ بمطابقTitle VI of the Civil Rights Act of 1964 (1964 کے شہری حقوق کے قانون برائے ٹائٹل VI) ، Title VI (ٹائٹلVI) اسکول کے قانونی فرائض میں یہ شامل ہے کہ وہ تمام طلبہ، بشمول یہودی طلبہ کواسکول میں، قومیت، رنگ، یا نسل، بشمول سانجھی حسبی و نسبی خصوصیات کی بنیاد پرامتیازی سلوک سے آزاد ماحول فراہم کرے۔

اس سال کے آغاز میں، the Department of Education's Office for Civil Rights (OCR)( وزارت تعلیم کا دفتر برائے شہری حقوق (OCR) نے ایک حقائق نامہ [Protecting Students from Discrimination Based on Shared Ancestry or Ethnic Characteristics](سانجھی قومیت یا نسلی خصوصیات کی بنیاد پر طالب علموں سے امتیازی سلوک سے بچاؤ) ۔ کا اجرا کیا گیا تھا جس میں یہ وضاحت کی گئی کہ کیسے Title VI (ٹائٹل VI) نسل، رنگت، یا قومیت کی بنیاد پر تعلیمی سرگرمیوں یا پروگرامزکیلئے وفاقی مالی اعانت کے حصول میں طلبہ کو امتیازی سلوک بچاتا ہے۔ اس کا اطلاق ان طلبہ تک بھی ہوتا ہے جنہیں: (i) قومیت، نسلی خصوصیات ؛ یا (ii) غالب مذہب یا الگ مذہبی شناخت والے ملک میں شہریت یا رہائش کی بنیاد پر ہراسانی اور امتیازی سلوک کا سامنا ہے۔[2]

Title VI (ٹائٹل VI) تمام طلبہ کو انکی نسل، رنگت، یا قومیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک سے تحفظ کرتا ہے ،بشمول طلبہ جو یہودی ہیں یا انہیں یہودی سمجھا جاتا ہے۔ مثلاً، OCR ایسی [شکایات](#) کی تحقیق بھی کر سکتا ہے جس میں طلبہ نسل یا نسلی خصوصیات پر مبنی توہین کا نشانہ بنائے گئے ہیں؛ ان کے حلیئے، لباس یا بات چیت کے طریقے کو نسلی یا حسبی خصوصیات (مثلاً رنگت، مذہبی لباس، بولی گئی زبان) کے ساتھ منسلک کر کے تنقید کی گئی ہے؛ انکے بارے میں دقیانوسی خیالات کی بنیاد پر ہراسانی کا نشانہ بنایا گیا۔

اسکولوں کو فوری اور مناسب کارروائی کرنی چاہئے تاکہ جو باعث ہراسمندی ایک غیر دوستانہ ماحول پیدا کرتی ہے، اس کا مقابلہ کیا جا سکے۔[3] OCR کو عموماً معلوم ہوا ہے کہ ایک غیر دوستانہ ماحول وہیں پیدا ہوتا ہے جہاں ہراسانی کو ہوا دینے

---

[1] *عمومی طور پر* دیکھیے Federal Bureau of Investigation(*فیڈرل بیورو آف انوسٹی گیشن*)، کے 2021، مارچ 2023؛ [*Supplemental Hate Crime Statistics*](#)(*نفرت پر مبنی جرائم کے اضافی اعدادو شمار*) دیکھئے؛ مزید دیکھئے، Anti-Defamation League, (اینٹی ڈیفیمیشن لیگ) [*Audit of Antisemitic Incidents 2022*](#)(*یہودی مخالف واقعات کا آڈٹ* 2022) ،مارچ 2023 اعلیٰ تعلمی اداروں اور K-12 میں یہودی مخالف واقعات میں اضافے کو تسلیم کیا گیا ہے۔ اس خط میں کنڈرگارٹن سے بارویں جماعت(K-12) اور اعلیٰ تعلیمی اداروں کے لیئے اسکولوں کی اصطلاح استعمال کی گئی ہے۔

[2] *See T.E. v. Pine Bush Cent . Sch. Dist.*, 58 F. Supp. 3d 332, 354-55 (S.D.N.Y. 2014) یہ مشترکہ نسب اور نسلی خصوصیات کی بنیاد پر امتیازی سلوک کو ( Title VIٹائٹلVI )کے ذریعہ ممنوع قرار دینے میں رہنمائی کیلئے U.S. Department of Education Office for Civil Rights (ریاستہائے متحدہ امریکہ کے وزارت تعلیم کا دفتر برائے شہری حقوق) کو اعلی رتبہ دیتا ہے؛ یہ بھی دیکھئے42 U.S.C. § 2000d; 34 C.F.R. § 100.3. Title VI (ٹائٹلVI) نہ صرف خاص طور پر طلبہ کو مذہبی بنیادوں پر امتیازی سلوک سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ بلکہ آفس فار سول رائٹس(OCR) خالصتا مذہبی بنیادوں پر امتیازی سلوک کی شکایات کو برائے کارروائیU.S. Department of Justice ( ریاستہائے متحدہ کے ڈیپارٹمنٹ آف جسٹس) بھیج دیتا ہے، جو کہ اس کے دائرہ کار میں ہے۔ Civil Rights Act of 1964 (ٹائٹلVI کا سول رائٹس ایکٹ برائے 1964) دیکھیئے، 42 U.S.C. § 2000c, *et seq*.

[3] *See, e.g., Zeno v. Pine Plains Cent. Sch. Dist.*, 702 F.3d 655, 670 n.14 (2d Cir. 2012) (تعلیمی اضلاع کے حوالے سے "یہ ان کا آئینی فریضہ ہے کہ وہ اپنے اسکولوں میں نسلی ہراسمندی کو ختم کرنے کے لئے 'معقول اقدامات اٹھائیں'"۔ یہ اقتباس OCR کی Racial Incidents

والا طرز عمل شدت اور مستقلاً موجود ہو اور ایسا ماحول کسی فرد کو سکول کی طرف سے فراہم کردہ خدمات، سرگرمیوں، یا مراعات میں حصہ لینے یا ان سے فائدہ اٹھانے کی صلاحیت میں رکاوٹ بنتا ہے۔[4]

اگر مشترکہ نسب پر مبنی ایک معاندانہ ماحول موجود ہے، اور اسکول کو معاندانہ ماحول کا علم تھا یا اسے معلوم ہونا چاہیے تھا، OCR اس بات کا جائزہ لے گا کہ آیا اسکول نے Title VI (ٹائٹل VI) کے تحت فوری اور مؤثر اقدامات کر کے ہراسگی کو ختم کرنے، کسی بھی معاندانہ ماحول اور اس کے اثرات کو ختم کرنے، اور ہراسگی کےعمل کو بار بار ہونے سے روکنے کے لیے معقول طریقے سے اپنی ذمہ داری پوری کی ہے یا نہیں۔[5] باالفاظ دیگر، اسکول Title VI (ٹائٹل VI ) کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوتا ہے جب وہ امتیازی ہراسانی ، یہودی دشمنی کے تدارک کیلئے موزوں اقدامات کرنے میں ناکام رہتا ہے۔

OCR نے امتیازی سلوک بشمول مشترکہ نسب یا نسلی خصوصیات یا کسی ملک میں شہریت یا رہائش کی بنیاد پر یا غالب مذہب یا مذہبی شناخت کی بنیاد پر امتیازی سلوک سے پاک تعلیمی ماحول کو برقرار رکھنے کی اہمیت کے بارے میں عوامی آگاہی کے لیے متعدد ریسورسز تیار کیے ہیں، براہ کرم ذیل میں ریسورسز کی فہرست دیکھیں جو آپ کیلئے مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔ اضافی ریسورسز OCR کی ویب سائٹ کے صفحہ مشترکہ نسب یا نسلی خصوصیات پر دستیاب ہیں۔ ایلیمنٹری اور سیکنڈری اسکول اور اضلاع اپنے علاقائی Equity Assistance Center(ایکویٹی اسسٹنس سینٹر) سے بھی تکنیکی مدد کی درخواست کر سکتے ہیں، ایک صوابدیدی گرانٹ پروگرام جس کا انتظام Office of Elementary and Secondary Education(آفس آف ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن) کے ذریعے کیا جاتا ہے، جو درخواست دینے پر ، نسل، جنس، قومیت ، اور مذہب سے جڑے مسائل کے شعبوں میں تکنیکی مدد اور تربیت میں معاونت کرتا ہے۔

اگر آپ کا کوئی سوال ہے، اضافی معلومات لینا پسند کریں یا تکنیکی معاونت درکار ہے تو برائے مہربانی ہماری یہ ویب سائٹ www.ed.gov/ocr دیکھئے یا ORC سے اس نمبر (800) 421-3481 (TDD: 800-877-8339) پر رابطہ کریں یا یہاں ocr@ed.gov رابطہ کریں

ہمارے ملک کے طالب علموں کو امتیازی سلوک سے پاک تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے عزم کے لیے آپ کا شکریہ۔

مخلص،

//s

Catherine E. Lhamon
اسسٹنٹ سیکریٹری فار سول رائٹس

---

(تحقیقاتی گائیڈبرائےتعلیمی اداروں and Harassment Against Students at Educational Institutions Investigative Guidance, 59 Fed. میں طالب علموں کے خلاف نسلی واقعات اور ہراسانی،59 Fed) سے لیا گیا ہے۔ Reg. 11448, 11450 (Mar. 10, 1994))). اضافی معلومات کیلئے برائے مہربانی یہ دیکھیئے Racial Incidents and Harassment Against Students at Educational Institutions Investigative Guidance (تعلیمی اداروں میں طالب علموں کے خلاف نسلی رقابت کے واقعات اور ہراسانی بارے تحقیقاتی گائیڈ) (مارچ1994)؛ U.S. Department of Education Office for Civil Rights,) یو۔ایس ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کا آفس فار سول رائٹس) کا Harassment and Bullying Dear Colleague Letter(ہراسانی اور دھمکانے سے متعلق ڈیئر کولیگ کا خط) (اکتوبر2010) ۔

[4] See, e.g., Zeno, 702 F.3d at 665-66 (2d Cir. 2012) (اس بات کی وضاحت کرتا ہےکہ ہراساں کرنا قابل کارروائی عمل ہے اگر یہ "شدید، وسیع ، اور معروضی طور پر جارحانہ اور اپنے عمل میں امتیازی ہے") بحوالہ *Davis ex rel. LaShona D. v. Monroe Cnty. Bd. of Educ.*, 526 U.S. 629, 650-51 1999 سے اخذ اقتباس)، اور یہ کہ امتیازی کارروائیاں "کسی بھی فرد کو اس امر سے مزہ لینے پر پابندی لگاتی جو کسی بھی دوسرے افراد کو اسکول کے نظام کے تحت خدمت، مالی امداد، یا دیگر فوائد حاصل کرنے کا لطف حاصل ہے" (34 C.F.R. § 100.3(b)(1))); ۔ یہ بھی دیکھئے Racial Incidents and Harassment Against Students at Educational Institutions Investigative Guidance (تعلیمی اداروں میں طالب علموں کے خلاف نسلی رقابت کے واقعات اور ہراسانی بارے تحقیقاتی گائیڈ) (مارچ1994)؛ U.S. Department of Education Office for Civil Rights(یو۔ایس ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کا آفس فار سول رائٹس) کا Harassment and Bullying Dear Colleague Letter (ہراسانی اور دھمکانے سے متعلق ڈیئر کولیگ کا خط) (اکتوبر 2010) ۔

[5] دیکھئے (Department of Education Office for Civil Rights(یو۔ایس ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کا آفس فار سول رائٹس) کا Harassment and Bullying Dear Colleague Letter(ہراسانی اور دھمکانے سے متعلق ڈیئر کولیگ کا خط) (اکتوبر 2010)۔

**ریسورسز:**

- U.S. Department of Education Office for Civil Rights, (ریاستہائے متحدہ امریکہ کے وزارت تعلیم کا دفتر برائے شہری حقوق) Fact Sheet: Protecting Students from Discrimination Based on Shared Ancestry or Ethnic Characteristics (January 2023).
- U.S. Department of Education Office for Civil Rights(ریاستہائے متحدہ امریکہ کے وزارت تعلیم کا دفتر برائے شہری حقوق), Questions and Answers on Executive Order 13899(ایگزیکٹو آرڈر 13899پر سوالات اور جوابات) Combating Anti-Semitism اور OCR's Enforcement of Title VI of the Civil Rights Act of 1964(شہری حقوق ایکٹ کے عنوان VI کا OCR کا نفاذ) (جنوری 2021)۔
- U.S. Department of Education Office for Civil Rights(ریاستہائے متحدہ امریکہ کے وزارت تعلیم کا دفتر برائے شہری حقوق)اپنے حقوق جانیئے: Title VI and Religion Fact Sheet (January 2017).
- U.S. Department of Education Office for Civil Rights(ریاستہائے متحدہ امریکہ کے وزارت تعلیم کا دفتر برائے شہری حقوق) Combating Discrimination Against Jewish Students Fact Sheet(یہودی طلبہ کے خلاف امتیازی سلوک کا مقابلہ)(جنوری 2017)۔
- U.S. Department of Education Office for Civil Rights(ریاستہائے متحدہ امریکہ کے وزارت تعلیم کا دفتر برائے شہری حقوق) Combating Discrimination Against Asian American, Native Hawaiian, and Pacific Islander (AANHPI) and Muslim, Arab, Sikh, and South Asian (MASSA) Students(ایشین امریکن، نیٹو ہوائی اینڈ پیسفک آئلینڈر (AANHPI)اور مسلم، عرب، سکھ، اور ساؤتھ ایشیائی طلبہ کے خلاف امتیاز کا مقابلہ (MASSA))(جون 2016)۔
- U.S. Department of Justice Civil Rights Division Letter to U.S. Department of Education Office for Civil Rights, (ریاستہائے متحدہ امریکہ کے وزارت تعلیم کا دفتر برائے شہری حقوق) Title VI and Coverage of Religiously Identifiable Groups(ستمبر 2010)۔
- U.S. Department of Education Office for Civil Rights, (ریاستہائے متحدہ امریکہ کے وزارت تعلیم کا دفتر برائے شہری حقوق) Title VI and Title IX Religious Discrimination in Schools and Colleges Dear Colleague Letter ستمبر 2004)۔
- U.S. Department of Education Office for Civil Rights, (ریاستہائے متحدہ امریکہ کے وزارت تعلیم کا دفتر برائے شہری حقوق) First Amendment Dear Colleague Letter (جولائی 2003)۔

اگر کسی کو بھی یہ یقین ہے کہ سکول نے طالب علم کے ساتھ نسل، رنگت، یا قومیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک کیا ہے وہ OCR کے دفتر میں شکایت کا اندراج کر سکتا ہے۔ شکایت کے اندراج کیلئے اس ویب سائٹ کو دیکھیئے، https://www2.ed.gov/about/offices/list/ocr/complaintintro.html.

اس دستاویز میں شامل قانونی اور ریگولیٹری تقاضوں کے علاوہ، اس رہنمائی کے مندرجات میں قانون کی طاقت اور اثر نہیں ہے اور اس کا مقصد عوام کو پابند کرنا نہیں ہے۔ اس دستاویز کا مقصد صرف عوام کو ایجنسی کی پالیسیوں اور/یا وفاقی شہری حقوق کے قوانین کے تحت موجودہ شرائط کے بارے میں وضاحت فراہم کرنا ہے۔